38027-اگر عورت کو مغرب سے پانچ منٹ قبل حیض آجائے تو کیا وہ روزہ مکمل کرے گی ؟

سوال

جب عورت کو مغرب کی اذان سے پانچ منٹ قبل ماہواری شروع ہوجائے تو کیا وہ روزہ مکمل کرے گی یا روزہ ختم کردے گی ؟

پسندیدہ جواب

جب عورت کو سورج غروب ہونے سے قبل حیض شروع ہوجائے چاہے ایک لحظہ قبل ہی تو اس کا روزہ باطل ہوجائے گا ، اوراسے اس دن کے روزے کی قضاء کرنا ہوگی ۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

جب عورت کو روزہ کی حالت میں غروب شمس سے ایک لحظہ قبل حیض شروع ہوجائے تو اس کا روزہ باطل ہوجائے گا ، اوراس روزے کی اس پر قضاء لازم ہوگی ۔ اھ

دیکھیں : مجالس شہر رمضان صفحہ (39)

عورت کے لیے حیض کی حالت میں روزہ رکھنا جائز نہیں ، اوراگر وہ روزہ رکھ بھی لے تو اس کا روزہ صحیح نہیں ہوگا ۔

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی مغنی میں لکھتے ہیں :

حائضہ عورت جب بھی روزے کی نیت کرے اور تحریم کا علم ہونے کے باوجود کھانا پینا چھوڑدے تو وہ گنہگار ہوگی اوراس کا وہ روزہ کافی نہیں ہوگا ۔ اھ دیکھیں المغنی لابن قدامۃ (4/397)

واللہ اعلم .